ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (303)

مورخہ 31/05/2023

## بہاولپور (          ) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں لہن، دیسی شراب معہ چالو بھٹی اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنز، تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان محمد سعید، محمد ساجد اور محمد شاہد کھاڑک کو گرفتار کر کے قبضہ سے 105 لیٹر دیسی شراب ولہن 50 لیٹر معہ 01 چالو بھٹی برآمد کر لی۔تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 01 ملزم نیاز احمد کو گرفتار کر کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیا۔اس کے علاوہ تھانہ صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی کے مرتکب ڈرائیور آصف خان کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناونے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاان کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تا کہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بھاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔معاشرتی جرائم ہی اصل میں معاشرے کی بدامنی کی وجہ ہیں، جن کے خلاف بھرپور ایکشن جاری رکھا جائیگا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں متعدد ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(304)

31-05-2023

**بہاول پور ( ) پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کے موٹر کار بیج نمبر 99 کی ٹریننگ مکمل،60اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹرٹیفکیٹ تقسیم، اب تک 8000اسٹوڈنٹس کی ٹریننگ مکمل۔مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت اور شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت دینے کے لیے ڈی آئی جی کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جہاں پر صبح وشام دوشفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹر سائیکل/موٹر کار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جارہی ہے،اس سلسلہ میں 02 ہفتہ پر مشتمل ٹریننگ 99 ویں بیج کی ٹریننگ مکمل کرنے والے 60 مرد و خواتین کے لیے تقریب کا اہتمام کرتے ہوئے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو پہلے اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڈز پر پیشہ ور انسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت اعتماد میں اضافہ ہو اور کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹیننس ، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری و اچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں، اچھی اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد کو اچیومنٹ سٹرٹیفکیٹ جاری کیے جاتے ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جارہا ہے۔آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنرز اور لائسنس کے لیے اپلائی جاری کیے جاتے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی و کم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں، مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت و شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے، لائسنس ایشو کرنے میں شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت مدنظر رکھا جارہا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں متعدد ملزمان گرفتار




بہاول پور: پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کے موٹر کار بیج نمبر 99 کی ٹریننگ مکمل، 60اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹرٹیفکیٹ تقسیم